www.KitaboSunnat.com

اسلام چھوڑنے پر آمادہ نہ ہوئیں۔ یہ چالیس ہیں، حضرت فاطمہؓ، حضرت سمیہؓ، حضرت ام سلیمؓ، حضرت اسماءؓ، حضرت ام عمارہؓ، حضرت ام حبیبہؓ، حضرت ہندؓ بنت عتبہ، حضرت صفیہؓ اور حضرت خنساءؓ۔ ان صحابیات کے حالات پڑھ کر نہ صرف یہ کہ ایمان تازہ ہوتا ہے بلکہ مستحکم ہوتا ہے۔ ادارہ الحسنات نے بڑے خوبصورت پیرایہ میں دونوں کتابیں پیش کی ہیں۔

نام کتاب .... اربعین نووی ؒ مرتب : حافظ نذر احمد۔ مولانا عزیز زبیدی

ضخامت .... ۹۶ صفحات قیمت : ۱/۶۰ روپے

ناشر: مسلم اکادمی، نذر منزل ۲۹/۱۸، محمد نگر۔ لاہور

زیرِ نظر کتاب اربعین نووی ؒ، امام نوویؒ کی منتخب بیالیس احادیثِ رسول کا مجموعہ ہے جسے ایف اے کے طلباء کے لیے موجودہ شکل میں حافظ نذر احمد صاحب نے مولانا عزیز زبیدی صاحب کے تعاون سے مرتب کیا ہے۔ اربعین کا معنیٰ چالیس ہے لیکن اس مجموعہ میں احادیث کی تعداد بیالیس ہے جن میں سے ۲۹ احادیث [illegible] امام نوویؒ نے مزید ۱۳ احادیث شامل کر کے اس مجموعہ کا نام اربعین نووی رکھا۔ مرتبین نے متن اربعین کا ترجمہ، ہر حدیث کا الگ الگ مرکزی خیال و مفہوم اور مشکل الفاظ کے معانی دینے کے علاوہ امام نوویؒ کی زندگی کے حالات، اربعین کی وجہ تسمیہ اور [illegible]، حدیث کی اہمیت، حدیث کی اقسام، علم حدیث کی اصطلاحات، تدوینِ حدیث اور اس کی تاریخ، مشہور راویوں کے نام، ان سے روایت کردہ احادیث کی تعداد اور احادیث کی مشہور کتب کے متعلق نہایت اہم معلومات شامل کر دی ہیں۔ یہ مجموعہ طلباء کے علاوہ تمام لوگوں کے لیے بھی مطالعہ اور یاد کرنے کی چیز ہے کہ حدیث میں آتا ہے:

" میری امت میں سے جس شخص نے چالیس احادیث دینی امور کے متعلق یاد کیں، اللہ اسے قیامت کے روز فقیہوں، عالموں اور شہیدوں کے گروہ سے اٹھائے گا۔"

نام کتاب: .... ارمغان آزاد جلد اوّل مرتب: .... ابو سلمان شاہجہان پوری

ضخامت: .... ۲۶۸ صفحات قیمت .... ۵/۵۰ روپے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ